© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## بنتِ امیرِ شریعت سیدہ اُمِ کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا انتقال کر گئیں

ملتان (۱۴؍اپریل ۲۰۱۲ء) تحریک آزادی کے رہنما اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے قائد حضرت امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری کی والدہ ماجدہ، پروفیسر سید محمد وکیل شاہ صاحب کی اہلیہ، سید عطاء المومن بخاری اور سید عطاء المہیمن بخاری کی بڑی ہمشیر (جو جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب دارِ بنی ہاشم ملتان میں انتقال کر گئی تھیں) کو ہفتہ کی سہ پہر احاطۂ بنی ہاشم جلال باقری قبرستان، ملتان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

مرحومہ کی نماز جنازہ باغ لانگے خان ملتان میں ادا کی گئی جو قائد احرار ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المومن بخاری، پروفیسر سید محمد وکیل شاہ، سید محمد کفیل بخاری، سید محمد معاویہ بخاری، سید محمد مغیرہ بخاری، سید عطاء اللہ بخاری، سید عطاء المنان بخاری، سید صبیح الحسن ہمدانی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا عزیز احمد بہلوی (شجاع آباد)، جامعہ خیر المدارس ملتان کے ناظم اعلیٰ مولانا نجم الحق، جامعہ قاسم العلوم ملتان کے مہتمم وشیخ الحدیث مولانا محمد اکبر، استاذ الحدیث مولانا محمد یٰسین، مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی رہنماؤں قاری محمد یوسف احرار، مولانا محمد مغیرہ، میاں محمد اویس، ملک محمد یوسف، صوفی غلام رسول نیازی، حافظ محمد عابد مسعود، مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی سمیت ممتاز علماء کرام، شیوخ الحدیث، دینی وسیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں کے علاوہ ملک بھر سے مجلس احرار اسلام، تحریک تحفظ ختم نبوت اور تحریک طلباء اسلام کے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

مولانا محمد طلحہ کاندھلوی (بھارت)، خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ کندیاں شریف کے سجادہ نشین مولانا خواجہ خلیل احمد، مولانا عبدالحفیظ مکی (مکہ مکرمہ)، جناب محمد رفیق تارڑ (سابق صدرِ مملکت پاکستان)، مولانا محمد صدیق (شیخ الحدیث جامعہ خیر المدارس، ملتان)، مولانا محمد یٰسین، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ اور جامعہ خیر المدارس ملتان کے مہتمم مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، انٹرنیشنل ختم نبوت مومنٹ پاکستان کے امیر مولانا محمد الیاس چنیوٹی، مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری (ناظم اعلیٰ مجلس تحفظ ختم نبوت)، انٹرنیشنل ختم نبوت مoومنٹ کے مرکزی نائب امیر قاری شبیر احمد عثمانی، محمد علی صدیقی (مبلغ ختم نبوت سندھ)، اہل سنت والجماعت پنجاب کے سیکرٹری جنرل مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، معروف کالم نگار عطاء الحق قاسمی، ادیب وافسانہ نگار جناب حامد سراج (کندیاں شریف)، معروف شاعر، نقاد، ماہر تعلیم اور ماہر اقبالیات جناب ڈاکٹر اسلم انصاری، معروف افسانہ نگار، نقاد جناب جاوید اختر بھٹی، آغا شورش کاشمیری مرحوم کے فرزند جناب مسعود شورش، جناب مختار پارس، معروف صحافی جناب خالد مسعود خان، مفتی ہارون مطیع اللہ (کراچی)، شفیع الرحمٰن احرار، مولانا احتشام الحق احرار، مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، قاری شیر علی، مولانا محمد احمد حافظ (روزنامہ اسلام) اور دیگر متعدد حضرات نے سید محمد کفیل بخاری سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے بلندئ درجات کی دعا کی ہے۔ ختم نبوت اکیڈمی لندن کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈائریکٹر عبدالرحمٰن یعقوب باوا، مولانا سہیل باوا، مجلس احرار اسلام برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد، محمد اکرم راہی، محمد اشرف (گلاسگو)، مجلس احرار اسلام جرمنی کے امیر سید منیر احمد شاہ بخاری، اور محمد اسلم علی پوری (ڈنمارک) نے اپنے تعزیتی پیغامات میں لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبد اللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ مرحومہ اعلیٰ علمی و دینی ذوق کی حامل ممتاز خاتون تھیں اور حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ، تحریک آزادی، تحریک ختم نبوت اور اکابر احرار کی یادداشتوں کا انسائیکلوپیڈیا تھیں۔ انہوں نے ’’سیدی وابی‘‘ کے نام سے حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے واقعات، جیل سے لکھے گئے خطوط اور یادداشتوں کو اکٹھا کیا جس کو دنیا بھر میں شہرت ملی۔

☆**مولانا محمد طلحہ کاندھلوی کی ہمشیر کا انتقال:** حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ کی بیٹی اور مولانا محمد طلحہ کاندھلوی مدظلہٗ کی ہمشیر ۲۷ راپریل کو بھارت میں انتقال کر گئیں، اُن کی نماز جنازہ مولانا محمد طلحہ کاندھلوی نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرما کر اعلیٰ علّیین میں جگہ عطا فرمائے۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے خاندانِ امیر شریعت اور مجلس احرارِ اسلام کے رہنماؤں اور کارکنوں کی طرف مولانا محمد طلحہ سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور مرحومہ کے لیے دعاء مغفرت کی ہے۔

☆**جناب فیض الحسن فیضی رحمۃ اللہ علیہ:** مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے سابق صدر اور مرکزی مجلس شوریٰ کے سابق رکن جناب فیض الحسن فیضی ایڈووکیٹ ۱۴۳۳ھ، ۷ راپریل ۲۰۱۲ء بروز ہفتہ رات کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ مرحوم بہت ہی مخلص کارکن تھے۔ راولپنڈی میں احیاء احرار میں اُن کا کردار ناقابلِ فراموش ہے۔ وہ اکابر احرار کے میزبان تھے اور نہایت اور نہایت فیاضی سے اُن کی خدمت کرتے تھے۔ مرحوم، مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے سابق امیر اور سابق رکن مرکزی مجلس شوریٰ رفیق غلام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے اکلوتے فرزند تھے۔ جناب غلام ربانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امیرِ شریعت اور مولانا محمد گل شیر شہیدؒ کے مخلص اور وفادار رفقاء میں سے تھے۔ وہ بھی تازیست مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے اور یہ عرصہ تقریباً ستر سال پر محیط ہے۔ فیضی صاحب مرحوم اپنے والد مرحوم کے کردار کے امین تھے اور تازیست اسے نبھاتے رہے۔ پابند صوم و صلوٰۃ تھے۔ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے رہے اور اسی حالت میں روح پرواز کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ فیضی صاحب مرحوم، مجلس احرارِ اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن ممتاز احرار مصنف جناب ڈاکٹر محمد عمر فاروق (تلہ گنگ) کے ماموں زاد تھے۔ اُن کے پسماندگان میں ایک بیوہ، تین بیٹے وجیہ الحسن، محمد ابوذر حسن اور محمد معاویہ حسن۔ ۸ راپریل کو صبح نو بجے ریس کورس گراؤنڈ میں نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے احباب نے شرکت کی۔ مجلس احرارِ اسلام کے امیر مرکزیہ حضرت سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے فیضی صاحب مرحوم کے فرزندوں اور جناب ڈاکٹر محمد عمر فاروق سے فون پر اظہارِ تعزیت کیا اور مدرسہ معمورہ ملتان میں ختم قرآن کر کے مرحوم کی روح کو ایصالِ ثواب کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول، درجات بلند اور اُن کے تمام پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

☆**مولانا قاضی حمید اللہ خان رحمتہ اللہ علیہ:** جمعیت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر اور جامعہ مظاہر العلوم گوجرانوالہ کے مہتمم مولانا قاضی حمید اللہ خان ۱۸ راپریل کو انتقال کر گئے۔ مولانا نے بھرپور زندگی گزاری۔ وہ شیخ الحدیث کے منصب پر فائز تھے۔ ایک طرف سیکڑوں طالبانِ علم نے اُن سے علمِ حدیث حاصل کیا تو دوسری طرف سیاسی محاذ پر بے دینوں کی سرکوبی اور تعاقب میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں وہ قومی اسمبلی کے رکن بھی رہے اور انھوں نے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گوجرانوالہ میں میراتھن ریس کے خلاف نہ صرف بھرپور احتجاج کیا بلکہ پوری قوت سے اس بے حیائی اور فحاشی کے شو کو روکا۔ امر بالمعروف کو طاقت سے روک کر حکمِ قرآنی پر عمل کیا اور جیل میں قید ہو کر سنتِ یوسفی بھی ادا کی۔ حق تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

☆ **مولانا عطاء الرحمٰن شہید رحمتہ اللہ علیہ:** جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے استاذِ حدیث راولپنڈی ہوائی حادثہ میں ۲۰/اپریل کو شہید ہو گئے۔ اس حادثہ میں ۱۲۷ مسافر سوار تھے جو سب کے سب شہید ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے۔ مولانا عطاء الرحمٰن کی شہادت سے ہم ایک جید عالم دین سے محروم ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کا فیض جاری رکھے اور اُن کے شاگردوں کو اُن کے لیے صدقۂ جاریہ بنادے۔ (آمین)

☆ **ملک فضل کریم رحمۃ اللہ علیہ:** مجلس احرارِ اسلام جتوئی (بڑی بستی ارائیں) کے قدیم مخلص و معاون جناب ملک فضل کریم رحمۃ اللہ علیہ ۱۰/فروری ۲۰۱۲ء کو انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کے والد بابا اللہ بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے رفقاء میں سے تھے۔ احرار کے وفادار وفدا کار تھے۔ طویل عمر پائی مگر احرار کو چھوڑا نہ خانوادۂ امیر شریعت کو۔ عجیب مثالی کارکن تھے۔ ملک فضل کریم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے والد مرحوم کی روایت کو قائم رکھا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین)

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے استاذ مولانا فیصل متین سرگانہ کے خالہ زاد بھائی سہیل احمد سرگانہ، انتقال ۲۹/مارچ ۲۰۱۲ء

☆ مولوی محمد وقاص سعید کے تایازاد بھائی محمد عادل انور چک نمبر 1411-L چیچہ وطنی ۱۰ اپریل انتقال

☆ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے سابق صدر مرحوم خان محمد افضل کے بھائی اور محمد زاہد خان کے والد گرامی محمد اسلم خان چک نمبر 1511-L چیچہ وطنی ۱۴ اپریل کو انتقال کر گئے

☆ ممتاز محقق و مصنف جناب بشیر احمد (راولپنڈی) کے بھائی عبدالرشید ۱۶/اپریل کو انتقال فرما گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام جلالپور کے کارکن عبدالرحمٰن جامی کی دادی صاحبہ ۱۸/اپریل کو انتقال فرما گئیں۔

☆ جناب رشید احمد حقانی کے چچازاد اور مولانا محمد اسحاق جامعہ یوسفیہ کوئٹہ کے مہتمم کے صاحبزادہ درجہ متوسطہ کے طالب علم ثناء اللہ اپنے مدرسہ کی دیوار سے گر کر اللہ کو پیارے ہو گئے۔

☆ قبولہ (عارف والا) کے چک نمبر ای بی ۱۴۱ میں ہمارے عزیز اور نقیبِ ختمِ نبوت کے قاری حافظ محمد اشرف کے والد گرامی فیض محمد ہنجرا ۲۳/اپریل کو انتقال فرما گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 7R/111 میں حضرت مولانا محمد اعظم طارق شہید کے بھانجے رانا عبدالرؤف ۲۲/اپریل کو انتقال فرما گئے

☆ محترم جناب پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی کی معصوم پوتی ۲۳/اپریل ۲۰۱۲ء کو انتقال کر گئی۔

☆ حضرت مولانا عبدالستار تونسوی مدظلہ کے بھانجے مولانا حبیب اللہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

☆ پروفیسر محمد الیاس میراں پوری کے خالہ زاد محمد ظفر اقبال مرحوم، ۱۲/اپریل ۲۰۱۲ء بروز جمعرات ایک ٹریفک حادثے میں انتقال کر گئے

☆ عبدالرحمٰن جامی نقشبندی (مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے رہنما) کی دادی، حافظ محمد محسن نقشبندی کی والدہ مرحومہ

☆ حافظ محمد انس رحمہ اللہ: حضرت مولانا قاری سیف الدین مدظلہ (مقیم مکہ مکرمہ) کے جواں سال پوتے اور جناب قاری محمد عمار کے سب سے بڑے فرزند حافظ محمد انس ۲۵/اپریل کو انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک صالح نوجوان تھے۔ سڑک کے ایک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حادثے میں زخمی ہوئے اور جاں بر نہ ہوسکے۔ اُن کی نمازِ جنازہ حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ مرحوم، مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم کے متعلم بھی رہے اور ہمسائے بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ تمام خاندان کو اس عظیم صدمہ پر صبر عطا فرمائے اور مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

☆ مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے کے ضلعی صدر حافظ محمد اشرف صاحب کی جواں سال بھانجی، انتقال: ۲۵ر اپریل ۲۰۱۲ء

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے سابقہ طالب علم حافظ طاہر نثار کے بڑے بھائی جناب طارق نثار، انتقال: ۲۲ر اپریل ۲۰۱۲ء

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)

## بنت امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا کے انتقال پر تعزیت کے لیے تشریف لانے والے حضرات

☆ **خانقاہ سراجیہ:** حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد مدظلہ (خانقاہ سراجیہ کندیاں)

☆ **مرکز سراجیہ لاہور:** حضرت مولانا صاحبزادہ رشید احمد مدظلہ (مرکز سراجیہ لاہور)

☆ **عالمی مجلس تحفظ ختمِ نبوّت:** حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ

☆ **جمعیت علماء اسلام:** جناب حافظ حسین احمد (کوئٹہ) سید خورشید عباس گردیزی، ڈاکٹر محمد عارف، قاری عبد الرؤف (ملتان) جناب عبد الرزاق (ساہی وال) مفتی محمد عثمان (چیچہ وطنی)

☆ **اہلِ سنّت والجماعت:** ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں، مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، انجینئر اشفاق احمد

☆ **تنظیم اہلِ سنت پاکستان:** مولانا عبد الجبار تونسوی، مولانا محمد عارف سیال، مولانا محمد شفیع مظفر گڑھی، مولانا محمد اسمٰعیل انقلابی

☆ **جماعتِ اسلامی:** ڈاکٹر سید وسیم اختر (منصورہ لاہور)، جناب خورشید احمد کانجو، راؤ محمد ظفر اقبال، کنور محمد صدیق (ملتان)

☆ **تحریکِ انصاف:** نواب زادہ منصور احمد خان، نواب زادہ سلطان احمد خان (خان گڑھ)

☆ **علماء کرام:** حضرت مفتی محمد اسحٰق مدظلہ، مولانا نجم الحق جالندھری، حضرت مولانا منظور احمد مدظلہ، جناب مفتی محمد عبد اللہ، مولانا محمد ازہر، مولانا محمد عابد، مفتی عبد الحکیم، مولانا میمون احمد جالندھری، مولانا عبد المنّان۔ (جامعہ خیر المدارس ملتان) مفتی محمد نعیم مدظلہ، مولانا سیف اللہ ربانی (جامعہ بنوریہ کراچی)، مولانا محمد ظفر قاسم مدظلہ جامعہ خالد بن ولید (ٹھینگی، وہاڑی)، مولانا محمد زاہد (جامعہ عثمانیہ، شورکوٹ)، مولانا زبیر احمد صدیقی (جامعہ فاروقیہ، شجاع آباد)، مولانا محمد طیّب مدظلہ (جامعہ امدادیہ فیصل آباد)، حضرت مولانا قاضی محمد ارشد الحسینی (مدنی مسجد اٹک)، مولانا محمد عبد اللہ ابن حضرت مولانا عبد الواحد مدظلہ (جامعہ حمّادیہ کراچی)، مولانا غلام محمود انور، قاری سعید احمد عثمانی (اوکاڑہ)، قاری سعید بن قاری بشیر احمد حبیب شہید (جامعہ رشیدیہ ساہی وال)، مولانا عبد الباسط جامع مسجد عیدگاہ (ساہی وال)، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکبر مدظلہ، حضرت مولانا محمد یٰسین مدظلہ (جامعہ قاسم العلوم ملتان)، مولانا احسان احمد فاروقی، مولانا عبد الرزاق، حافظ محمد اسلم (جامع العلوم ملتان)، مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی (خان پور)، مولانا مفتی شاہد مسعود صاحب (سرگودھا)، مولانا سید محمد انور شاہ (دیپال پور)، مولانا محمد طیب، مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی ابناء حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید (کراچی)، مولانا محمد نواز (جامعہ قادریہ حنفیہ، قادر پور راں ملتان)، قاری محمد یامین گوہر (جامعہ فاروقیہ چنیوٹ)، پروفیسر ابو الکلام خواجہ (ملتان)، مولانا سید خالد مسعود گیلانی (جامعہ آلِ محمد، سلانوالی)، مولانا مفتی عبد المعید، ڈاکٹر ظہیر احمد (سرگودھا)،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جناب چودھری محمد اشرف، سردار نسیم ڈوگر، حافظ حبیب اللہ (مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی)، حافظ عاطف (جماعۃ الدعوۃ چیچہ وطنی)، قاری محمد عطاء اللہ، محمد ظہیر، محمد اصغر، محمد ابراہیم، محمد اعظم (مجلس احرار اسلام چشتیاں)، مولانا فقیر اللہ، حافظ عبدالرحیم نیاز، حافظ محمد اشرف، مولوی کریم اللہ، مولوی محمد بلال، مولوی محمد طارق چوہان، مرزا محمد واصف بیگ و دیگر کارکنان مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان، مولانا محمد مغیرہ، مولوی محمد طیب، کارکنانِ احرار چناب نگر و چنیوٹ۔ ڈاکٹر عمر فاروق (تلہ گنگ)

## بذریعہ فون وخط تعزیت کرنے والی شخصیات

حضرت مولانا محمد مکّی حجازی مدظلہٗ (مدرس حرم مکّہ مکرّمہ)، مولانا محمد عارف مکّی (مکّہ مکرّمہ)، پروفیسر محمد سلیم پروفیسر محمد سجاد (جامعہ اُمّ القریٰ، مکّہ مکرّمہ)، مولانا قاری محمد عبداللہ و جمیع احباب علماء و قراء (مدینہ منوّرہ)، جناب حاکم علی (مکّہ مکرّمہ)، جناب مولوی منظور احمد (رباط مکّی مدینہ منوّرہ)

☆ **انٹرنیشنل ختمِ نبوّت موومنٹ:** حضرت مولانا عبدالحفیظ مکّی مدظلہٗ (مکّہ مکرّمہ)، ڈاکٹر سعید احمد عنایت اللہ (مکّہ مکرّمہ)، مولانا محمد الیاس چنیوٹی، مولانا ثناء اللہ چنیوٹی (چنیوٹ)، مولانا زاہد محمود قاسمی (فیصل آباد)، قاری شبیر احمد عثمانی (چناب نگر)، جناب بلال احمد، مولانا مشتاق احمد (چنیوٹ)

☆ **جماعۃ الدعوۃ پاکستان:** محترم حافظ سعید احمد حفظہ اللہ، جناب امیر حمزہ، جناب قاری محمد یعقوب شیخ

☆ **جمعیت علماء اسلام:** حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہٗ (اکوڑہ خٹک)، مولانا محمد یوسف شاہ (اکوڑہ خٹک) مولانا عبدالرؤف فاروقی (سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام (س) لاہور)، محمد فاروق قریشی جمعیت علماء اسلام (ف) کراچی

☆ **اہل سنّت والجماعت:** مولانا محمد احمد لدھیانوی

☆ **مجلس احرارِ اسلام جرمنی:** جناب سید منیر احمد (احباب و کارکنان جرمنی)

☆ **جماعتِ اسلامی:** جناب لیاقت بلوچ، جناب ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، جناب ڈاکٹر سید وسیم اختر، جناب برجیس احمد (کراچی)، جناب محمد حسین محنتی (کراچی)

☆ **عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوّت:** مولانا اللہ وسایا، مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی (ملتان)، مولانا محمد علی صدیقی (سندھ) مولانا اعجاز مصطفیٰ، مولانا قاضی احسان احمد (کراچی)

☆ **پاکستان شریعت کونسل:** حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہٗ، جناب عمار خان ناصر (گوجرانوالہ)

☆ **مرکزی جمعیت اہل حدیث:** پروفیسر عبدالستار حامد، مولانا میاں محمود عباس، مولانا محمد ابرار ظہیر

حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق مدظلہٗ (جامعہ خیر المدارس) حضرت مولانا مجاہد الحسینی مدظلہٗ، مولانا عبدالرشید انصاری (فیصل آباد)، حضرت مولانا فضل رحیم مدظلہٗ، مولانا اسعد عبید، مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی (جامعہ اشرفیہ لاہور)، مولانا عبدالقیوم حقانی (جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ)، مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی (مانسہرہ)، مولانا میاں زبیر احمد مدظلہٗ (دین پور شریف)، مولانا حکیم محمود احمد ظفر (سیالکوٹ)، مولانا قاضی محمد طاہر علی الہاشمی (حویلیاں)، قاضی محمد ابراہیم (اٹک)، قاری مجیب الرحمٰن (لاہور)، مولانا عبدالرؤف چشتی (اوکاڑہ)، مفتی ہارون مطیع اللہ، محمد طارق مدنی (کراچی)، مولانا قاری اللہ داد (کراچی)، مولانا خلیل احمد ملک (جامعہ ملیہ چنیوٹ) مولانا محفوظ احمد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جالندھری (صادق آباد)، محمد اشرف، محمد امجد، محمد ارشد، قاری عبدالصبور، محمد معاویہ (مجلس احرار اسلام سیالکوٹ)

## تعزیت کرنے والی دیگر اہم شخصیات

☆جناب محمد رفیق تارڑ (سابق صدر پاکستان) ☆مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی (لندن) ☆جناب عطاء الحق قاسمی (روزنامہ جنگ) ☆جناب مسعود شورش (اسلام آباد) ☆جناب مبشر شورش (کینیڈا) (فرزندان آغا شورش کاشمیریؒ) ☆جناب نذیر اکبر انصاری (خلف الرشید ماسٹر تاج الدین انصاریؒ) ☆بنت ماسٹر تاج الدین انصاریؒ، ڈاکٹر نوید احمد (نواسہ ماسٹر تاج الدین انصاری، سیالکوٹ) ☆جناب خواجہ عبدالجبار (فرزند خواجہ صادق کاشمیری) ☆جناب سید خالد جامعی، مدیر ساحل، جریدہ (شعبہ تحقیق وتصنیف کراچی یونیورسٹی) ☆جناب حامد کمال الدین، مدیر ایقاظ (لاہور) ☆جناب ڈاکٹر مظہر معین پرنسپل اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی اولڈ کیمپس (لاہور) ☆جناب افضل حق قرشی (پنجاب یونیورسٹی) ☆جناب ڈاکٹر زاہد منیر عامر (چیئر مین مولانا ظفر علی خان چیئر پنجاب یونیورسٹی) ☆مولانا محمد افضل (کینیڈا) ☆مولانا محمد اویس، جناب محمد ابوذر، جناب ابوہریرہ (بوریوالہ) ☆جناب ملک طارق محمود (اسلام آباد) ☆جناب پروفیسر امجد علی شاکر (لاہور) ☆جناب محمد متین خالد (لاہور) ☆جناب احمد معاویہ (مدیر سنابل، کالم نگار روزنامہ اسلام کراچی) ☆جناب خالد عمران (کالم نگار روزنامہ اسلام کراچی) ☆جناب نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ (لاہور) ☆جناب محمد اظہار الحق (کالم نگار روزنامہ نوائے وقت) ☆جناب جاوید اختر بھٹی (ممتاز ادیب ومحقق وافسانہ نگار، ملتان) ☆جناب ڈاکٹر وحید الرحمٰن خان (مزاح نگار ونقاد ایجوکیشن یونیورسٹی لاہور) ☆ڈاکٹر خالد سنجرانی (ادیب ونقاد جی سی یونیورسٹی لاہور) ☆جناب شبیر احمد خان میواتی، جناب حافظ محمد ندیم (دار الکتاب لاہور) ☆جناب سید سلمان گیلانی (لاہور) ☆ میجر (ر) محمد سعید اختر (ملتان)، جناب پروفیسر محمد اسلم انصاری (ممتاز شاعر ملتان) ☆جناب خالد مسعود خان (ممتاز شاعر وکالم نگار روزنامہ جنگ) ☆جناب جمشید اقبال (ادیب وشاعر، بہاول پور) ☆جناب مستحسن خیال (ممتاز شاعر، ملتان) ☆جناب مختار پارس (ممتاز ادیب) ☆جناب محمد رفیق اختر (ڈائریکٹر ایگریکلچر لاہور) ☆جناب شکور طاہر (سابق ڈائریکٹر نیوز پی ٹی وی) ☆مولانا عبید اللہ (بن مولانا ابو ریحان عبدالغفور رحمۃ اللہ علیہ، اسلام آباد) ☆جناب سیف اللہ خالد (بیورو چیف روزنامہ اُمّت، اسلام آباد) ☆جناب عبداللطیف الفت (اسلام آباد) ☆جناب محمد اشرف (گلاسکو) ☆جناب محمد اکرم راہی (لندن) ☆مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مولانا احتشام الحق، محمد شفیع الرحمٰن، قاری علی شیر، مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی، سید محمد خاتم اندرابی، سید محمد غانم اندرابی، سید محمد ناعم اندرابی (مجلس احرار اسلام کراچی) خواجہ محمد شفیق، خواجہ عبدالوحید، محمد فیصل، محمد آصف، مولانا محمد عبداللہ (کراچی)، صاحبزادہ ابرار احمد بگوی (حزب الانصار بھیرہ) سید محمد ارشد بخاری ایڈووکیٹ (احمد پور شرقیہ) جناب عتبان محمد، شیبان محمد، حافظ محمد طارق، مولانا عبدالعزیز (امیر مجلس احرار اسلام بہاولپور) مرزا محمد ابوبکر، محمد وقاص سعید (راولپنڈی) مولانا اورنگزیب اعوان (اسلام آباد) محمد طارق (شورکوٹ) ملک محمد صدیق (تلہ گنگ) امتیاز حسین، عبدالخالق خلیق (چکڑالہ) حاجی عبدالقدیر، خواجہ محمد ایوب، حبیب احمد (لاہور) پروفیسر خالد شبیر احمد (چنیوٹ) ڈاکٹر عبدالرازق (لاہور)

۞۞۞



© rasailojaraid.com